P.R.NO.04/2025

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

مظفرآباد آزاد جموں وکشمیر میں وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر کا افتتاح

وفاقی افسران عوام الناس کی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنائیں۔وفاقی محتسب

سال 2024ء میں دولاکھ 23 ہزار شکایات کے فیصلے کیے گئے۔اعجاز احمد قریشی

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی مظفرآباد میں علاقائی دفتر کے افتتاح کے موقع پر اخبار نویسوں سے گفتگو

مظفرآباد( )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے مظفرآباد آزاد جموں وکشمیر میں بھی اپنے ادارے کے علاقائی دفتر کا افتتاح کردیا۔گزشتہ روز علاقائی دفتر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے وفاق کے سرکاری افسران پر زور دیا کہ وہ غریب عوام کی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنائیں۔انہوں نے بتایا کہ ان کے ادارے میں ہر سال عوامی شکایات کی دادرسی میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے۔سال 2024ء کے دوران عوامی شکایات کی دادرسی میں ریکارڈ اضافہ ہوا،جس کی وجہ یہ ہے کہ وفاقی محتسب ادارے کی پہنچ اور رسائی میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے،اب مظفرآباد آزاد کشمیر اور گلگت میں دو نئے دفاتر قائم ہونے کے بعد ملک بھر کے 24 شہروں میں یہ ادارہ عوام الناس کو سہولیات فراہم کررہا ہے، جب کہ اس سال بھی دوردراز علاقوں میں مزید نئے دفاتر کھولے جائیں گے۔افتتاحی تقریب میں آزاد جموں وکشمیر کے اعلیٰ حکام، وفاقی سرکاری اداروں کے مقامی سربراہان کے علاوہ میڈیا اور سول سوسائٹی کے کثیر افراد نے شرکت کی۔وفاقی محتسب نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سال 2024ء کے دوران وفاقی محتسب میں دولاکھ 26 ہزار 371 شکایات موصول ہوئیں جب کہ دولاکھ 23 ہزار 171 شکایات کے فیصلے کیے گئے جو گزشتہ سال سے 16 فیصد زیادہ ہیں۔93 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہوگیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمارے انوسٹی گیشن افسران ملک کے دوردراز علاقوں میں خود جاکر کھلی کچہریاں منعقد کرکے عوام الناس کو ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کررہے ہیں۔وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ غریبوں کی عدالت ہے جس کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی شکایات کی دادرسی کرنا ہے،وفاقی محتسب نے آزاد جموں وکشمیر میں وفاقی حکومت کے اداروں کے سربراہان کے ساتھ ایک اجلاس کی صدارت بھی کی جس میں وفاقی محتسب کے دائرہ کار میں آنے والے سرکاری اداروں کے اعلیٰ افسران نے بھرپور شرکت کی۔انہوں نے سرکاری افسران پر زور دیا کہ غریب لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لائیں۔وفاقی محتسب نے بعدازاں ایک پرہجوم پریس کانفرنس کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ہمارے افسران کی انتھک محنت، کھلی کچہریوں، معائنہ ٹیموں کے مختلف سرکاری اداروں کے دوروں اور تنازعات کے غیررسمی حل جیسے پروگراموں کے باعث ہر سال عام لوگوں کی شکایات کی دادرسی میں اضافہ ہورہا ہے۔انہوں نے عوام الناس میں آگاہی پیدا کرنے میں میڈیا کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ میڈیا محتسب کے بارے میں آگاہی میں اہم کردار ادا کررہا ہے۔انہوں نے میڈیا پر زور دیا کہ وہ محتسب کے پیغام کو عام کرنے میں اپنا بھرپور تعاون جاری رکھیں تاکہ پاکستان کے غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ آگاہی ہو اور وہ اس ادارے کے ذریعے جلد اور مفت ریلیف حاصل کرسکیں۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

22 جنوری 2025ء